**SHB**

18-06-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی اہم خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے، کناڈا کے اپنے ہم منصب Mark Carney کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کی اور ہائی کمشنروں کو بحال کرنے سے اتفاق کیا۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی نے، دہشت گردی سے نمٹنے سمیت مختلف معاملات پر عالمی رہنماؤں کے ساتھ باہمی میٹنگیں کی ہیں۔

3- وزیر اعظم نے کناڈا کے شہر Kananaskis میں G7 کی سربراہ کانفرنس میں گلوبل ساؤتھ کی تشویش اور امنگوں کو اُجاگر کیا اور آب و ہوا کی تبدیلی، توانائی کی یقینی فراہمی، تکنیک اور قیامِ امن کے بارے میں اجتماعی اقدامات پر زور دیا۔

4- ایران اور اسرائیل کے درمیان، لڑائی کا آج چھٹا دن ہے اور دونوں ہی نے ایک دوسرے پر پھر سے حملے کیے ہیں۔ تہران میں ایران کے رہبرِ اعلیٰ کے قریبی مشیر علی شادمانی مارے گئے ہیں۔

5- بھارتی موسمیات محکمے نے میگھالیہ، گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال، جھارکھنڈ اور اُڈیشہ میں کہیں کہیں بہت تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

6- اور تیراندازی میں، سنگاپور میں ایشیائی کپ کے دوسرے مرحلے میں، بھارت کو دو تمغے ملنا طے ہے۔ بھارت کے تیرانداز مردوں اور خواتین دونوں زمروں کے انفرادی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM - Bilaterals

وزیر اعظم نریندر مودی اور کناڈا کے وزیر اعظم Mark Carney نے دونوں ملکوں کے تعلقات میں، استحکام بحال کرنے کی خاطر سمجھ بوجھ کے ساتھ اقدامات کرنے سے اتفاق کیا ہے۔ اس کا آغاز ہائی کمشنروں کی جلد بحالی سے ہوگا۔

Kananaskis میں G7 کی سربراہ کانفرنس کے موقع پر دونوں رہنماؤں کی دوطرفہ بات چیت کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا۔

دوطرفہ بات چیت کے دوران وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت اور کناڈا کے باہمی تعلقات بہت اہمیت کے حامل ہیں اور دونوں ملکوں کو جمہوریت کے ساتھ ساتھ انسانیت کو بھی مستحکم بنانے کے لیے مل کر کام کرنا ہوگا۔ جناب مودی نے کہا کہ کناڈا کی کئی کمپنیوں نے، بھارت میں سرمایہ کاری کی ہے اور اسی طرح بھارتی کمپنیوں نے بھی کیا ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ وہ بھارت-کناڈا تعلقات کو آگے لے جانے کے متمنی ہیں۔

*S/B - 0815 - PM Modi*

کناڈا کے وزیر اعظم نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ G7 سربراہ کانفرنس میں، باقاعدگی سے بھارت کی شرکت سے بھارت اور وزیر اعظم نریندر مودی کی اہمیت کی عکاسی ہوتی ہے۔

*S/B - 0815 - Canada PM Carney*

بعد میں میڈیا کو جانکاری دیتے ہوئے خارجہ سکریٹری وِکرم مسری نے کہا کہ باہمی بات چیت مثبت اور تعمیری رہی۔

*S/B - 0815 Vikeram Misri*

وزیر اعظم نریندر مودی نے جرمنی، فرانس، میکسیکو اور جنوبی کوریا سمیت دیگر رہنماؤں کے ساتھ بھی دوطرفہ بات چیت کی۔

جناب مودی اور جرمنی کے چانسلر Friedrich Merz نے اہم شعبوں میں باہمی اشتراک کو مستحکم بنانے کے طور طریقوں پر تبادلۂ خیال کیا۔ جناب مودی نے فرانس کے صدر Emmanuel Macron کے ساتھ بھی بات چیت کی۔

برطانیہ کے وزیر اعظم Keir Starmer کے ساتھ بات چیت کے بعد جناب مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ بھارت اور برطانیہ کے تعلقات مضبوط ہوتے جا رہے ہیں اور تجارت اور کامرس جیسے شعبوں میں پیشرفت سے اس کی عکاسی ہوتی ہے۔

جناب مودی نے جاپان کے وزیر اعظم Shigeru Ishiba کے ساتھ بھی تفصیلی تبادلۂ خیال کیا۔

اس کے علاوہ G7 رابطہ سربراہ میٹنگ کے موقع پر جناب مودی نے جنوبی افریقہ کے صدر Cyril Ramaphosa، آسٹریلیا کے وزیر اعظم Anthony Albanese، اٹلی کی وزیر اعظم Giorgia Meloni، اور برازیل کے صدر Lula Da Silva کے ساتھ بھی بات چیت کی۔×

PM - Canada Visit

وزیر اعظم نریندر مودی نے اس بات کو اُجاگر کیا ہے کہ کم خرچ، قابلِ بھروسہ اور پائیدار توانائی کو یقینی بنانا بھارت کی ترجیح ہے۔ کناڈا کے شہر Kananaskis میں G7 کی 51 ویں سربراہ کانفرنس سے اپنے خطاب میں جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ AI اپنے آپ میں توانائی کی سرگرمی والی تکنیک ہے۔ انہوں نے کہا کہ قابلِ تجدید توانائی تکنیک کے سرکردہ رول والے معاشرے کی توانائی کی ضروریات پائیدار انداز سے پوری کرنے کا راستہ ہے۔

جناب مودی نے گلوبل ساؤتھ کی تشویش اور ترجیحات پر توجہ دینے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ بھارت نے گلوبل ساؤتھ کی آواز عالمی سطح پر لانے کو اپنی ذمہ داری سمجھا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ گلوبل ساؤتھ میں کوئی بھی پیچھے نہیں رہنا چاہیے۔

وزیر اعظم نے ایک پائیدار اور ماحولیات کے لیے سازگار وسیلے کے ذریعے سبھی کے لیے توانائی کی یقینی فراہمی کی ضرورت بھی اُجاگر کی اور اس مقصد کے حصول کے لیے بین الاقوامی شمسی، عالمی بائیو ایندھن اتحاد جیسے بھارت کے اقدامات کا تذکرہ کیا۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے لگاتار چھٹی مرتبہ G7 سربراہ کانفرنس میں شرکت کی ہے۔ مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

*V/C - Suparna*

*وزیر اعظم مودی نے دہشت گردی کے خلاف بھارت کے موقف کا اعادہ کیا اور پہلگام دہشت گردانہ حملے کی مذمت کرنے کیلئے رہنماؤں کا شکریہ ادا کیا۔ انھوں نے دہشت گردی کے خلاف عالمی سطح پر اقدامات کرنے اور دہشت گردی کو بڑھاوا دینے والوں کے خلاف سخت کارروائی کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیر اعظم نے ٹیکنالوجی کے جمہوری استعمال کے تعلق سے بھارت کے تجربے کو بھی اجاگر کیا۔ انھوں نے آرٹیفیشیل انٹلی جنس سے متعلق تشویشات کو حل کرنے کی غرض سے عالمی حکمرانی کے معاملات سے نمٹنے اور اس شعبے میں اختراع کو فروغ دینے پر زور دیا۔*

*آکاشوانی دلّی سے سپرنا سائیکیا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں حبیب الرحمٰن۔*

کناڈا کا اپنا کامیاب دورہ مکمل کرنے کے بعد وزیر اعظم نریندر مودی تین ملکوں کے اپنے دورے کے آخری مرحلے میں کروشیا روانہ ہو گئے ہیں۔×

PM - Coratia Visit

وزیر اعظم نریندر مودی کروشیا کے تاریخی دورے پر آج دوپہر کو زغریب پہنچیں گے۔ اُن کا یہ دورہ بھارت اور وسطی اور جنوبی مشرقی یوروپی ملک کے ساتھ اعلیٰ سطح کے رابطوں کی عکاسی کرتا ہے۔ کسی بھی بھارتی وزیر اعظم کا کروشیا کا یہ پہلا دورہ ہے۔ جناب مودی کروشیا کے اپنے ہم منصب کے ساتھ وفود کی سطح کی بات چیت کریں گے۔ اس کے بعد مختلف شعبوں میں 4 سمجھوتوں پر دستخط کیے جانے کی امید ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی شام کو کروشیا کے صدر سے بھی ملاقات کریں گے۔

اب ہم اپنے نامہ نگار Sanjio Singh سے سیدھے بات کرتے ہیں، جو وزیر اعظم کے دورے کی خبریں دینے کے لیے زغریب میں موجود ہیں۔

جی......Sanjio، بتایئے وزیر اعظم کے دورے کے بارے میں آپ کے پاس اور تازہ جانکاری کیا ہے؟

..................لائیو سنجیو........................

شکریہ سنجیو اس جانکاری کے لیے

BREAK

**یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔**

GONG

Iran-Israel War 6th Day

اسرائیل کی فوج نے، زمانۂ جنگ کے چیف آف اسٹاف اور ایران کے رہبرِ اعلیٰ آیت اللہ علی خامنہ ای کے قریبی صلاح کار علی شادمانی کی ہلاکت کی تصدیق کی ہے۔ وہ تہران میں ایک کمان مرکز پر فضائی حملے میں مارے گئے ہیں۔ شادمانی نے جمعہ کو اسرائیل کے حملے شروع ہونے کے دوران اپنے پیشرو کی ہلاکت کے بعد یہ ذمہ داری سنبھالی تھی۔

اِدھر ایران کی سائبر سکیورٹی کمان نے اسرائیل پر الزام لگایا ہے کہ اُس نے ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بناتے ہوئے وسیع پیمانے پر سائبر جنگ چھیڑ دی ہے۔ ایران کی سرکاری کنٹرول والی IRIB خبر رساں ایجنسی کے مطابق اس کی وجہ سے ضروری خدمات میں خلل پڑ گیا ہے۔

اِدھر کناڈا میں، G7 سربراہ کانفرنس میں، ایک اجتماعی اپیل جاری کی گئی ہے، جس میں غزہ میں جنگ بندی سمیت پورے مغربی ایشیاء میں، مخاصمت اور لڑائی ختم کیے جانے پر زور دیا گیا ہے۔ البتہ G7 نے اسرائیل اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے لیے کوئی براہِ راست اپیل نہیں کی ہے۔

اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامن نتن یاہو نے دعویٰ کیا ہے کہ موجودہ کارروائی سے ایران کے ایٹمی پروگرام کو بڑا دھچکا لگا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ اسرائیل نے تال میل کے ساتھ کارروائی کرتے ہوئے ایران میں کئی ایٹمی تنصیبات کو نشانہ بنایا ہے اور کئی اعلیٰ فوجی کمانڈروں کو ہلاک کر دیا ہے۔

اُدھر ایران نے ایٹمی مذاکرات کے معاملے پر سخت گیر موقف اختیار کر رکھا ہے۔ کچھ ذرائع نے اس بات کا اشارہ دیا ہے کہ ایران، اسرائیل کے خلاف جوابی کارروائی مکمل ہونے کے بعد ہی کسی طرح کے سمجھوتے پر غور کر سکتا ہے۔×

MEA - India Students

تہران میں، بھارتی طلبا کو سلامتی کی وجوہات سے شہر سے باہر منتقل کیا گیا ہے۔ ایران میں بھارتی سفارتخانے نے، اس کے لیے انتظامات کیے ہیں۔ وزارتِ خارجہ نے دیگر لوگوں کو بھی یہ صلاح دی ہے کہ وہ شہر سے باہر آ جائیں۔×

Bihar E Voting

ووٹنگ کے عمل میں ایک بنیادی تبدیلی کی شروعات کرتے ہوئے بہار ریاستی انتخابی کمیشن نے انڈرائڈ پر مبنی موبائل کا استعمال کرتے ہوئے ای-ووٹنگ نظام کا آغاز کیا ہے۔

بہار ووٹنگ کے عمل میں یہ انقلابی تبدیلی لانے والی پہلی، ملک کی پہلی ریاست ہوگی۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے ریاستی انتخابی کمشنر دیپک پرساد نے کہا کہ اس اقدام کی شروعات میونسپل اور شہری بلدیاتی اداروں کے 28 جون کو ہونے والے چناؤ سے کی جائے گی۔

ریاستی چناؤ کمشنر نے کہا کہ ابھی تک 10 ہزار حق رائے دہی کے مجاز شہری ای-ووٹنگ کیلئے اندراج کرواچکے ہیں۔×

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے، آج میگھالیہ، گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال، جھارکھنڈ اور اُڈیشہ میں کہیں کہیں بہت تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ اِدھر بہار کے کچھ حصوں، چھتیس گڑھ، ساحلی کرناٹک، گجرات، کونکن، گوا، مدھیہ مہاراشٹر اور شمال مشرقی ریاستوں میں بھی اگلے دو تین دن کے دوران شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔

اِدھر دلّی قومی راجدھانی خطّے میں کل شام بارش ہونے سے لوگوں کو گرمی سے کچھ راحت ملی۔ قومی راجدھانی اور آس پاس کے علاقوں میں ہلکی سے لے کر اوسط بارش کا سلسلہ ہفتے کے روز تک جاری رہنے کا امکان ہے۔×

Archery Asia Cup 2025

سنگاپور میں تیراندازی کے ایشیائی کپ کے دوسرے مرحلے میں بھارت کے جونیئر کمپاؤنڈ تیراندازوں کا غلبہ جاری ہے اور وہ مردوں اور خواتین دونوں زمروں کے انفرادی مقابلوں کے فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

مردوں کے زمرے میں سرکردہ کھلاڑی Kushal Dalal نے سیمی فائنل میں بنگلہ دیش کے Himu Bachhar کو 143 کے مقابلے 147 پوائنٹ سے ہرا دیا۔

بھارت کے دسویں نمبر کے تیرانداز Sachin Chechi آسٹریلیا کے کھلاڑی سے ہار گئے اور اب وہ کانسے کے تمغے کے لیے Himu Bachhar سے مقابلہ کریں گے۔

خواتین کے انفرادی کمپاؤنڈ زمرے میں بھارت کو سونے اور چاندی کا تمغہ ملنا طے ہے، کیونکہ فائنل میں دونوں ہی کھلاڑی بھارت کی ہیں۔

فائنل میں، سرکردہ کھلاڑی Shanmukhi Naga Sai Budde اور دوسرے نمبر کی تیرانداز تیجل سالوے آمنے سامنے ہوں گی۔×

Hockey Masters Cup

مردوں اور خواتین کا ہاکی انڈیا ماسٹرز کپ آج چنئی میں شروع ہو رہا ہے، جو 10 دن جاری رہے گا۔ اس میں 40 سال سے زیادہ عمر کے مرد کھلاڑی اور 35 سال سے زیادہ عمر کی خاتون کھلاڑی حصہ لیں گی۔ اس ٹورنامنٹ میں مردوں کی 12 ٹیمیں، جبکہ خواتین کی 8 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں۔ گروپ میچوں کے بعد ناک آؤٹ مرحلے کے مقابلے ہوں گے اور اس کے بعد فائنل کھیلا جائے گا۔

خواتین کے زمرے میں، شروع کے میچوں میں میئر رادھا کرشنن ہاکی اسٹیڈیم میں، ہماچل پردیش کا مقابلہ مہاراشٹر سے اور کرناٹک کا کیرالہ سے ہوگا۔

مردوں کے زمرے کے پہلے میچ میں، اسی میدان پر پنجاب کا سامنا پدّوچیری سے ہوگا۔ یہ میچ دوپہر ڈیڑھ بجے شروع ہوگا۔

یہ اس طرح کا پہلا ٹورنامنٹ ہو رہا ہے، جس سے بھارت میں ہاکی کے آزمودہ کار کھلاڑیوں کو ایک خصوصی پلیٹ فارم مل سکے گا۔×

Anupriya Patel - Interview

صحت و خاندانی بہبود کی وزیر مملکت محترمہ انوپریا پٹیل نے کہا ہے کہ بھارت آیوشمان بھارت ڈیجیٹل مشن کے ذریعے ایک ڈیجیٹل صحت ایکو نظام قائم کرنے کی طرف گامزن ہے۔ آکاشوانی خبروں کے شعبے کے ساتھ ایک خصوصی انٹرویو میں انوپریا پٹیل نے کہا کہ اب تک 77 کروڑ افراد کو آیوشمان بھارت ہیلتھ اکاؤنٹ یا ABHA آئی ڈیز دی جاچکی ہیں۔

وزیر مملکت کے ساتھ یہ Podcast آج شام ہمارے یوٹیوب چینل نیوز آن اے آئی آر آفیشیل پر جاری کیا جائے گا۔×

DGCA Meeting

شہری ہوابازی کی ڈائریکٹوریٹ جنرل نے کل نئی دلّی میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ میں ایئر انڈیا اور ایئر انڈیا ایکسپریس کے کام کاج کا جائزہ لیا۔ ڈائریکٹوریٹ نے ایئر انڈیا کے ذریعے رپورٹ کردہ حالیہ رکھ رکھاؤ سے متعلق معاملات کے سلسلے میں تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ایئر لائن کو صلاح دی گئی کہ وہ انجینئرنگ، آپریشن اور گراؤنڈ Handling یونٹس کے درمیان باہمی تال میل کو مستحکم کرے اور ایسے معاملات کے سبب پروازوں میں تاخیر ہونے کے معاملے سے نمٹنے کیلئے اس بات کو یقینی بنائیں کہ وقت ضرورت متبادل پرواز کا انتظام ہو اور ضابطوں پر سختی سے عمل کیا جائے۔

انضباطی محکمے نے ایئر انڈیا کے وسیع کام کاج کیلئے حالیہ آپریشنل ڈیٹا کا بھی جائزہ لیا، جس میں بوئنگ 787 پر خصوصی توجہ دی گئی۔

DGCA نے کہا کہ حالیہ جانچ پڑتال میں ایئر انڈیا کے بوئنگ 787 طیارے میں سیفٹی سے متعلق کوئی بڑی تشویش کا پہلو سامنے نہیں آیا۔×

Telangana All Party Meet

تلنگانہ ریاستی سرکار نے Bana Kacharla پروجیکٹ پر تبادلۂ خیال کیلئے تلنگانہ سے پارلیمانی اراکین کی کُل پارٹی میٹنگ بلائی ہے۔ اس میں لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے رکن بھی شامل ہیں۔ یہ میٹنگ آج دوپہر ریاستی سکریٹریٹ میں منعقد ہوگی۔×

یہ تھی خبریں۔

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: حبیب الرحمٰن

شکریہ - شبانہ

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے جی-7 چوٹی کانفرنس میں شرکت کیلئے کینیڈا پہنچنے پر وزیر اعظم نریندر مودی کے شاندار استقبال کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ ملاپ کی سرخی ہے: کینیڈا کے وزیر اعظم مارک کارنی نے بھارت کو ایک بڑی اقتصادی طاقت قرار دیا۔

روزنامہ انقلاب اور روزنامہ راشٹریہ سہارا نے گروپ سیون سربراہ کانفرنس سے متعلق خبر کو صفحہ اوّل پر نمایاں طور سے شائع کیا ہے۔ انقلاب کی سرخی ہے: جی-7 کے رہنما اسرائیل کی حمایت کے ساتھ کشیدگی کم کرنے پر متفق، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا مسودے پر دستخط کرنے سے انکار۔

ایران-اسرائیل جنگ کے تناظر میں ایران سے ہندوستانی شہریوں کے انخلاء کا عمل شروع کئے جانے کی خبر کو اخباروں نے پہلے صفحے پر اہمیت کے ساتھ جگہ دی ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا لکھتا ہے: وزارت خارجہ نے کنٹرول روم قائم کئے۔ تہران میں موجود طلباء کو سفارتخانے کی مدد سے محفوظ مقام پر منتقل کیا گیا۔

شری امرناتھ یاترا کے دونوں راستے یکم جولائی سے نو فلائنگ زون قرار۔ یاترا کیلئے فل پروف حفاظتی انتظامات کو یقینی بنانے کے اقدامات۔ اس خبر کو روزنامہ ملاپ نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے فرانس کے ساتھ شکتی مشق میں شرکت کیلئے بھارتی فوجی دستے کی روانگی کی خبر کو نمایاں طور پر صفحہ اوّل پر شائع کیا ہے۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے، کناڈا کے اپنے ہم منصب Mark Carney کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کی اور ہائی کمشنروں کو بحال کرنے سے اتفاق کیا۔

2- وزیر اعظم نریندر مودی نے، دہشت گردی سے نمٹنے سمیت مختلف معاملات پر عالمی رہنماؤں کے ساتھ باہمی میٹنگیں کی ہیں۔

3- وزیر اعظم نے کناڈا کے شہر Kananaskis میں G7 کی سربراہ کانفرنس میں گلوبل ساؤتھ کی تشویش اور امنگوں کو اُجاگر کیا اور آب و ہوا کی تبدیلی، توانائی کی یقینی فراہمی، تکنیک اور قیامِ امن کے بارے میں اجتماعی اقدامات پر زور دیا۔

4- ایران اور اسرائیل کے درمیان، لڑائی کا آج چھٹا دن ہے اور دونوں ہی نے ایک دوسرے پر پھر سے حملے کیے ہیں۔ تہران میں ایران کے رہبرِ اعلیٰ کے قریبی مشیر علی شادمانی مارے گئے ہیں۔

5- بھارتی موسمیات محکمے نے میگھالیہ، گنگا کی ترائی والے مغربی بنگال، جھارکھنڈ اور اُڈیشہ میں کہیں کہیں بہت تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔

6- اور تیراندازی میں، سنگاپور میں ایشیائی کپ کے دوسرے مرحلے میں، بھارت کو دو تمغے ملنا طے ہے۔ بھارت کے تیرانداز مردوں اور خواتین دونوں زمروں کے انفرادی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---